213

عامہ سال اول

پہلا پرچہ نمبر ۱

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک سال اول) برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

وقت: تین گھنٹے | پہلا پرچہ: ترجمہ قرآن وتجوید | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ۔ تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول: قرآن مجید

سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے چھ آیات کا ترجمہ تحریر کریں۔ 60=10x6

(۱) اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰی .فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَ مَا كَانُوْا مُهْتَدِیْنَ ٥

(۲) وَ مِنْهُمْ اُمِّیُّوْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّاۤ اَمَانِیَّ وَ اِنْ هُمْ اِلَّا یَظُنُّوْنَ ٥

(۳) وَ قَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ .بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِیْلًا مَّا یُؤْمِنُوْنَ ٥

(۴) اِنَّمَا یَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْٓءِ وَ الْفَحْشَآءِ وَ اَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ٥

(۵) وَ قَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَكُمْ وَ لَا تَعْتَدُوْا.اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ ٥

(۶) قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّ مَغْفِرَةٌ خَیْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ یَّتْبَعُهَاۤ اَذًی.وَ اللّٰهُ غَنِیٌّ حَلِیْمٌ ٥

(۷) قُلْ لِّلَّذِیْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَ تُحْشَرُوْنَ اِلٰی جَهَنَّمَ.وَ بِئْسَ الْمِهَادُ ٥

(۸) وَ اِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰی مَیْسَرَةٍ.وَ اَنْ تَصَدَّقُوْا خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ٥

سوال نمبر2: درج ذیل میں سے دس (۱۰) الفاظ قرآنیہ کے معانی لکھیں۔ 10=1x10

(۱) المتقی (۲) یھتدی (۳) ارباباً (۴) حاججتم (۵) مُعَوِّقِیْکَ (۶) اَنْبِئُكُمْ

(۷) حَصُوْراً (۸) یُحَذِّرُكُمْ (۹) سَتُغْلَبُوْنَ (۱۰) مُتَشَابِهَات (۱۱) فَلَبُوْدُ (۱۲) اُحْصِرُوْا

حصہ دوم: تجوید

سوال نمبر3: کوئی سے دو اجزاء حل کریں۔

(الف) صفات لازمہ کی اقسام مع امثلہ بیان کریں۔ (۷)

(ب) صفات عارضہ کو زینت قرطاس بنائیں۔ (۷)

(ج) نون ساکن اور نون تنوین کے دو، دو قاعدے بیان کریں۔ (۷)

سوال نمبر4: کوئی سے دو اجزاء حل کریں۔

(الف) علم تجوید کی تعریف، موضوع، غرض وغایت تحریر فرمائیں۔ (۸)

(ب) ادغام اور اسکی اقسام بیان کریں۔ (۸)

(ج) درج ذیل کی تعریفات کریں۔ (۸)

(۱) حروف شمسیہ وقمریہ (۲) امالہ (۳) مدلازم کلمی مثقل (۴) حروف شجریہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان (رجسٹرڈ)

223

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک سال اول) برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

وقت: تین گھنٹے | دوسرا پرچہ: عقائد وفقہ | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔

حصہ اول..... عقائد

سوال نمبر1 درج ذیل میں سے پانچ کے جوابات تحریر کریں۔ 25=5x5

1. اللہ تبارک وتعالیٰ جل مجدہ الکریم کی توحید وکمالات کے بارے عقیدہ کی وضاحت کریں۔
2. نبی کریم ﷺ کے اطوار اور خصائص کی وضاحت کریں۔
3. معجزہ اور کرامت کا فرق واضح کریں۔
4. قبر میں مومن اور کافر سے ہونے والے سوالات بیان کریں۔
5. قبر میں کن لوگوں کے جسم سلامت رہتے ہیں اور کن کے نہیں؟
6. قیامت کے احوال اور اس کی نشانیاں تحریر کریں۔

سوال نمبر 2 درج ذیل میں سے پانچ کے جوابات تحریر کریں۔ 25=5x5

1. دجال کون ہے اور اس کے کرتب کیا ہیں؟
2. دابۃ الارض پر مختصر مگر جامع نوٹ لکھیں۔
3. ایمان اور کفر کی وضاحت کریں۔
4. امامت کبریٰ کی شرائط بیان کریں۔
5. اولیاء اللہ کے علم اور قدرت کو واضح کریں۔
6. تقلید کی وضاحت کریں نیز ائمہ اربعہ کے نام لکھیں۔

حصہ دوم..... فقہ

سوال نمبر 3 درج ذیل میں سے دس (۱۰) کے جوابات تحریر کریں۔ 50=10x5

1. مکروہ تنزیہی اور تحریمی کی تعریفات کریں۔
2. طوال مفصل اوساط مفصل اور قصار مفصل سورتیں کون کونسی ہیں؟
3. مسبوق اور لاحق نمازیوں کی تعریفات کریں۔
4. سجدہ تلاوت کا طریقہ اور شرائط بیان کریں۔
5. فرض کا حکم واضح کریں نیز نماز کے فرائض بیان کریں۔
6. جمعہ کون قائم کرسکتا ہے واضح کریں۔
7. انسان مسافر کب ہوتا ہے اور کب تک مسافر رہتا ہے؟
8. وطن اصلی، وطن اقامت کی تعریفات کریں۔
9. صاحب ترتیب اور غیر صاحب ترتیب قضا نمازیں کیسے ادا کریں گے؟
10. دعائے استخارہ لکھیں۔
11. خطبہ کس کو کہتے ہیں اور خطبہ میں کون کون سی چیزیں سنت ہیں؟
12. بیمار شخص کس حالت میں ہو تو نماز چھوڑ سکتا ہے؟

233

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک سال اول) برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

وقت: تین گھنٹے | تیسرا پرچہ: صرف | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں حصوں سے کوئی سے دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ... میزان و منشعب

سوال نمبر 1: (الف) ہفت اقسام کی تعریفات مع امثلہ بیان کریں۔ ۱۴=۲×۷

(ب) سہ اقسام مجرد اور سہ اقسام مزید فیہ بیان کریں۔ ۶=۳×۲

(ج) "نظر ینظر" سے لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ معروف کی گردان تحریر کریں۔ ۵

سوال نمبر 2: (الف) جملہ افعال متصرفہ اور اسمائے متمکنہ کی وضاحت کریں۔ ۱۰

(ب) ثلاثی مجرد سے مطرد اور شاذ کے ابواب کے نام تحریر کریں۔ ۱۰=۴+۶

(ج) اَلْاِحْمِرَارُ (سُرخ شدن) مصدر سے نفی جحد بلم معروف کی گردان تحریر کریں۔ ۵

سوال نمبر 3: (الف) میزان الصرف کے مطابق لفظ کی تقسیم بیان کریں نیز سہ اقسام کلمہ کی وضاحت کریں۔ ۱۵

(ب) سہ اقسام وزن بیان کریں نیز صرف کو نحو سے پہلے کیوں پڑھایا جاتا ہے؟ ۵=۲+۳

(ج) ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق بے ہمزہ وصل کے ابواب کے نام تحریر کریں۔ ۵

حصہ دوم ... صرف بہتوال

سوال نمبر 4: (الف) مصدر سے مشتق ہونے والے اسماء و افعال تحریر کریں۔ ۶=۳+۳

(ب) درج ذیل کی بنائیں لکھیں۔ ۱۰=۵×۲

ضَرَبْتُمْ   يَضْرِبُوْنَ   فِ   اِضْرِبْنَ   اَضَارِبُ

(ج) جمع اقصیٰ اور تصغیر بنانے کے قواعد اور طریقہ تحریر کریں۔ ۹

سوال نمبر 5: (الف) درج ذیل صیغوں میں قانون کیوں جاری نہیں ہوا؟ ۱۰

مَااَقْوَلَهٗ   عَوِرَ   طِوَالٌ   حَيِيَ   اِسْتَحْوَذَ

(ب) مضاعف کی تعریف کریں اور اقسام مع امثلہ بیان کریں۔ ۵

(ج) مَدَّ يَمُدُّ سے اسم فاعل کی گردان تحریر کریں نیز واحد مذکر کے صیغہ کی بنا تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 6: (الف) امر حاضر معروف بنانے کا مکمل ضابطہ تحریر کریں۔ ۱۵

(ب) قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا۔ کیسے بدلا؟ شرائط کے ساتھ مکمل قانون لکھیں۔ ۱۰

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

243

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک سال اول) برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

وقت: تین گھنٹے | چوتھا پرچہ : نحو | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: آخری دونوں سوال لازمی ہیں باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ... نحو میر

سوال نمبر1 (الف) جملہ خبریہ اور انشائیہ کی تعریفات اور اقسام بیان کریں۔ ۱۵

(ب) معرب اور مبنی کی تعریف کریں اور بتائیں کہ مبنی الاصل کتنی چیزیں ہیں۔ ۱۰

سوال نمبر2 (الف) حروف عاملہ در اسم کی وضاحت کریں۔ ۲۰

(ب) غیر منصرف کی تعریف کریں اور اعراب کی وضاحت کریں۔ ۵

سوال نمبر3 (الف) ضمیر کی تعریف کریں اور مرفوع متصل، منصوب متصل ضمیریں تحریر کریں۔ ۱۵

(ب) درج ذیل میں سے پانچ کی تعریفات اور اعراب لکھیں۔ ۱۰

(۱) اسمائے ستہ مکبرہ (۲) اسم منقوص (۳) جمع مکسر منصرف (۴) اسم مقصور (۵) مثنیٰ (۶) مفرد منصرف صحیح

سوال نمبر4 وجوہ اعراب کے اعتبار سے فعل مضارع کی تفصیل بیان کریں۔ ۲۰

حصہ دوم ... نظم مائۃ عامل

سوال نمبر5 اشعار کا ترجمہ اور عوامل کا عمل واضح کریں۔ (۳۰=۶x۵)

نوع اول ہفدہ حروف جر بود میداں یقین ... کاندریں یک بیت آمد جملہ بے چون وچرا

من وما مہما واَیّ حیثما اِذما متی ... اَینما انّٰی مہ اسم جازمند مر فعل را

رافع اسمائے جنس افعال مدح و ذم بود ... چار باشد نعم بئس ساء آنکہ حبّذا

دیگر افعال مقارب در عمل چوں ناقصند ... ہست آں کاد کرب با اوشک دیگر عسیٰ

ان ولم لمّا ولام امر ولائے نہی نیز ... این پنج حروف جازم فعلند ہر یک بیدغا

253

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک سال اول) برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

وقت: تین گھنٹے | **پانچواں پرچہ: عربی ادب** | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1 (الف) درج ذیل میں سے پانچ جملوں کا ترجمہ کریں۔ ۵x۳=۱۵

(۱) مُحَمَّدٌ تَلْمِيذٌ نَجِيبٌ (۲) يَدِى فَوْقَ الْكِتَابِ (۳) هٰذِهٖ عَيْنِى الْيُسْرٰى

(۴) هٰذا وَالِدِى (۵) اَنَا قَرِيبٌ مِنَ النَّافِذَة (۶) هٰذا رَجُلٌ مُعْتَدِلٌ

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک جزء کا ترجمہ کریں۔ ۱۰

(۱) عائشة الصغيرةُ تلميذةٌ نشيطةٌ يُخَاطِبُهَا اَبُوْهَا فى صباح يومٍ يقولُ لها اَنْتِ ياعائشةُ تلميذَةٌ صغيرةٌ ولكن عقلك كبيرٌ وذكاءُ ك وفيرٌ تستيقظِيْنَ فى الصباح الباكر قَبْلَ اَنْ تُفَارِقَ الطُّيورُ اَعْشَاشَهَا.

(۲) نَحْنُ فى يوم الجُمُعَةِ وَغَدًا يوم السبت ،يوم السبت هُوَالْيَوْمُ الاوَّلُ فِى الاسبوع، فى الاسبوع سبعةُ اَيّا م اليومُ الاوَّل السبتُ والثانى الاحَدُ والثالِثُ الاِثْنَيْن والرّابِعُ الثلاثَاء والخامِسُ الاربِعَاء والسَّادِسُ الخَمِيْسُ والسابِعُ الجُمُعَةُ.

سوال نمبر2 (الف) کوئی سے پانچ کے عربی میں جواب تحریر کریں۔ ۵x۳=۱۵

(۱) مَااسْمُ نَبِيِّكَ؟ (۲) هَلْ هٰذا كِتَابُ صَدِيْقِكَ؟ (۳) مَنْ هُوَخَالِدٌ؟

(۴) اَهٰذِهٖ غُرْفَةٌ كَبِيْرَةٌ؟ (۵) هَلْ صَدِيْقِى فِى الْغُرْفَةِ؟ (۶) اَلْكَعْبَةُ قِبْلَتِى .

(ب) درج ذیل میں سے دو جملوں کی عربی بنائیں۔ ۲x۵=۱۰

(۱) طریقہ جدیدہ کے کتنے حصے ہیں؟ (۲) تیرا دین کیا ہے؟ (۳) میرے ہاتھ میں کتنے پیسے ہیں؟

سوال نمبر3 (الف) کوئی سے تین الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں۔ ۳x۵=۱۵

(۱) نَافِذَةٌ (۲) مِفْتَاحٌ (۳) السِّكِّيْنُ (۴) الهرة

(ب) خالی جگہ پُر کریں۔ ۵x۲=۱۰

(۱) ماانزلنا عليک القرآن .... (۲) هَلْ اَتٰكَ.......... مُوْسٰى (۳) قال قداُوْتِيْتَ.........يامُوسٰى

(۴) قال فمابال .... الاولى (۵) فتولىٰ فِرْعون.........ثم اتىٰ

سوال نمبر4 (الف) درج ذیل میں سے آٹھ مفردات کی جمع بنائیں۔ ۸x۲=۱۶

(۱) قَلَمٌ (۲) وَرَق (۳) نَبِيٌّ (۴) رَبٌّ (۵) شَرِيْفٌ (۶) اُسْتَاذٌ

(۷) عَيْنٌ (۸) عَبْدٌ (۹) رِجْلٌ (۱۰) قَدَمٌ (۱۱) غُرْفَةٌ (۱۲) بَابٌ

(ب) جسم کے نو (9) حصوں (اعضاء) کے نام عربی میں لکھیں۔ ۹

263

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان (رجسٹرڈ)

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک سال اول) برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

وقت: تین گھنٹے | چھٹا پرچہ : جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر 1 اور سوال نمبر 5 لازمی ہیں باقی دونوں قسموں سے کوئی دو دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ... جنرل سائنس

سوال نمبر 1: (الف) خالی جگہیں پر کریں۔ ۲×۵=۱۰

۱۔ سائنس ایک .... زبان کا لفظ ہے۔
۲۔ محمد بن زکریا الرازی .... شہر میں پیدا ہوئے۔
۳۔ جابر بن حیان کی ...... اور ...... کتابیں مشہور ہیں
۴۔ فزکس .... کی شاخ ہے۔
۵۔ بوعلی سینا کو مسلم دنیا کا .... کہتے ہیں۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں۔ ۲×۵=۱۰

۱۔ خسرہ خطرناک متعدی بیماری نہیں ہے۔
۲۔ ملیریا کی بیماری مکھی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔
۳۔ اینٹی بائیوٹک ادویات وائرس کے خلاف مددگار ثابت ہوتی ہے۔
۴۔ تپ دق لاعلاج مرض نہیں ہے۔
۵۔ سگریٹ پینے والا دل اور جگر کی بیماریوں میں مبتلا ہوتا ہے۔

سوال نمبر 2: سائنس سے کیا مراد ہے؟ سائنس کی اہم شاخوں کے نام وضاحت سے لکھیں۔ ۱۵

سوال نمبر 3: ڈینگی بخار کیا ہے نیز اس کا علاج اور احتیاطیں بتائیں؟ ۱۵

سوال نمبر 4: کمیونیکیشن سسٹم پر نوٹ لکھیں۔ ۱۵

حصہ دوم ... مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5: (الف) خالی جگہیں پر کریں۔ ۲×۵=۱۰

۱۔ علامہ فضل حق خیر آبادی نے انگریزوں کے خلاف .... کا فتویٰ جاری کیا۔
۲۔ علامہ عبدالعلیم صدیقی .... کے والد ماجد ہیں۔
۳۔ بنیادی اصولوں کا مجموعہ جس کی وجہ سے ریاست کا نظم و نسق چلتا ہے .... کہلاتا ہے
۴۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ .... کو لازمی قرار دے۔
۵۔ پاکستان کے صوبوں کے نام .... ہیں۔

(ب) مختصر جواب دیں۔ ۲×۵=۱۰

۱۔ محمد بن قاسم نے سندھ پر کب حملہ کیا۔
۲۔ شاہ ولی اللہ کے ان صاحبزادوں کے نام بتائیں جو قرآن پاک کے مترجم ہیں۔
۳۔ قائداعظم نے مسلم لیگ کی قیادت کب سنبھالی۔
۴۔ قائداعظم نے پہلی نماز عیدالفطر کس کی قیادت میں ادا کی۔
۵۔ قرارداد لاہور میں شرکت کرنے والے علماء کون کون سے ہیں۔

سوال نمبر 6: جنگ آزادی کے مجاہد اعظم مولانا فضل حق کے بارے میں جامع نوٹ لکھیں۔ ۱۵

سوال نمبر 7: اسلامی نظریہ حیات پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ ۱۵

سوال نمبر 8: 1973ء کے آئین کی اسلامی دفعات کا جائزہ پیش کریں۔ ۱۵